بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ......عربی......

## ......اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ......

### پہلا سبق

### ......اَللّٰہُ رَبِّیْ......

اللہ میرا مالک ہے۔

اللہ تعالیٰ میرا مالک ورازق ہے۔ وہ مخلوق کے خالق ہے میں اپنے رب سے دل سے پیار کرتا ہوں اور وہ تعریف کے قابل ہے۔

ہمارا رب شہنشاہ ہے اور وہ بلند وبالا ہے۔ اس کیلئے ابدی زندگی ہے۔ اور اس کے سوا چاہو (ختم) ہونے والے ہیں ہم ایک اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ وہ خالص معبود ہے۔ اس نے نیکوکاروں سے جنت کا وعدہ کیا ہے اور وہ اپنے وعدے میں سچا ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الاول: اُكْتُبْ/اُكْتُبِیْ مَعَانِی الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ.

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| رَبٌّ | پروردگار | رَبِّیْ | میرا پروردگار |
| خَالِقٌ | پیدا کرنے والا | رَازِقِیْ | مجھے روزی دینے والا |
| رَازِقِیْ | مجھے روزی دینے والا | فَائِقٌ | بالا و اونچا |
| زَاهِقٌ | فنا ہونے والا | رائِقٌ | عمدہ، خالص |
| اَلْبَرُّ | نیک شخص | صَادِقٌ | سچا |
| اُحِبُّ | میں پسند کرتا / کرتی ہوں | نَعْبُدُ | ہم عبادت کرتے ہیں |
| وَعَدَ | اس نے وعدہ کیا | | |

### ......اَلتَّدْرِيْبَات......

### (مشقیں)

### ......مشق نمبر 1......

درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خَالِقٌ | پیدا کرنے والا | فَائِقٌ | بلند |
| رَازِقٌ | روزی دینے والا | زَاهِقٌ | ختم ہونے والا |
| اُحِبُّ | میں پسند کرتا ہوں | صَادِقٌ | سچا |
| لَائِقٌ | قابل | نَعْبُدُ | ہم عبادت کرتے ہیں |
| اَلْبَرُّ | نیکوکار۔ نیک دمن | — | — |

### ......مشق نمبر 2......

اَجِبْ / اَجِيْبِیْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ:

۱) مَنْ رَبُّكَ؟

جواب: اَللّٰہُ رَبِّیْ.

۲) مَنْ رَازِقُكَ؟

جواب: اللّٰہُ رازِقِیْ.

۳) هَلْ تُحِبُّ رَبَّكَ؟

جواب: نَعَمْ اُحِبُّ رَبِّیْ

۴) هَلْ تَعْبُدُ رَبَّكَ؟

جواب: نَعَمْ اَعْبُدُ رَبِّی

۵) مَاوَعَدَ اللّٰہُ الْبَرَّ؟

جواب: وَعَدَ اللّٰہُ الْبَرَّ جَنَّةً.

### ......مشق نمبر 3......

درج ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں مناسب الفاظ سے پر کریں۔

(كُلِّ . الْعَهْدِ. لائِقٌ. اللّٰه . وَحْدَهٗ)

(i) اللّٰہُ رَبُّنَا ورازِقُنَا و خالِقُنَا.
(ii) اُحِبُّ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ قَلْبِیْ.
(iii) هُوَ لائِقٌ لِلْحَمْدِ
(iv) نَعْبُدُ اللّٰہَ وَحْدَهٗ
(v) هُوَ فِی الْعَهْدِ صَادِقٌ

### ......مشق نمبر 4......

ترتیب دے کر مفید جملے بنائیں۔

(i) هُوَ مَعْبُوْدٌ رائِقٌ.
(ii) هُوَ فِی الْعَهْدِ صَادِقٌ
(iii) مالِكُ الْمُلْكِ رَبُّنَا
(iv) اُحِبُّ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ قَلْبِیْ.
(v) وَعَدَ اللّٰہُ الْبَرَّ جَنَّةً.

## ......اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ......

### ......دوسرا سبق......

### اَلتِّلْمِيْذُ والْمُدَرِّسُ (الحِوَارُ)

### شاگرد اور استاد (مکالمہ)

| | |
|---|---|
| استاد | السلام علیکم |
| شاگرد | وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ |
| استاد | میرا نام ابراہیم اور تیرا نام کیا ہے؟ |
| شاگرد | میرا نام صالح ہے۔ |
| استاد | تیری عمر کتنی ہے؟ |
| صالح | میری عمر دس سال ہے |
| استاد | تم کہاں رہتے ہو؟ |
| صالح | میں پشاور میں رہتا ہوں |
| استاد | کیا آپ سکول سے دور رہتے ہو؟ |



| | |
|---|---|
| صالح | نہیں میں سکول کے قریب رہتا ہوں |
| استاد | تیرے ہاتھ میں کیا ہے؟ |
| صالح | ہاں یہ قصّوں کی کتاب ہے |
| استاد | تیرا باپ کیا کام کرتا ہے |
| صالح | میرا والد انجینئر ہے |
| استاد | شاباش، آپ کا شکریہ |

### ......مشق نمبر 1 ......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِیْ مَعَانِی الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| عَشَرَ سَنَةً | دس سال | حِوَار | مکالمہ / گفتگو |
| قَصَصٌ | کہانیاں | مُهَنْدِسٌ | انجینئر |
| تَسْكُنُ | تو رہتا ہے | يَعْمَلُ | وہ کام کرتا ہے |
| جَيِّدًا | عمدہ | تَتَحَدَّثُ | تو باتیں کرتا ہے |
| قَرِيْبٌ | نزدیک | بَعِيْدٌ | دور |
| اَحْسَنْتَ | شاباش / بہت خوب | | |

### ......مشق نمبر 2......

درج ذیل سوالات کے جواب دو۔

۱) مَا عُمْرُ صَالِحٍ؟

جواب: عُمْرِیْ عَشَرَ سَنَوَاتٍ.

۲) هَلْ فِیْ يَدِ صَالِحٍ كِتَابُ جُغْرَافِيَةٍ؟

جواب: لَا بَلْ فِیْ يَدِ صالحٍ كِتَابُ الْقَصَصِ.

۳) اَيْنَ يَسْكُنُ صَالِحٌ؟

جواب: يَسْكُنُ قريباً مِنَ الْمَدْرَسَةِ.

۴) هَلْ وَالِدُ صَالِحٍ فَلَّاحٌ؟

جواب: لَا بَلْ هو مُهَنْدِسٌ.

۵) مَااِسْمُ الْمُدَرِّسِ؟

جواب: اِسْمُ الْمُدَرِّسِ اِبْرَاهِيْمُ

### ......مشق نمبر 3......

درج ذیل سوالات کے جواب دو۔

**جوابات:**

1) اِسْمِیْ احمد (ہر ایک طالب علم اسکی جگہ اپنا نام لکھ دیں)
2) اَسْكُنُ فی مردان
3) نَعَمْ اُحِبُّ كُتُبَ الْقَصَصِ.
4) فِیْ يَدِیْ كِتَابُ الْقَصَصِ.
5) نَعَمْ عِنْدِیْ كِتَابٌ.

### ...... مشق نمبر 4......

درج ذیل الفاظ استعمال کرکے 6 جملے بنائیں۔

(i) فِیْ مِنْ

جواب: (۱) زَيْدٌ فِی الدَّارِ

(۲) فِیْ يَدِیْ كتاب
(۳) ماذا فِیْ يَدِكَ
(۴) اَسْكُنُ قريبًا مِنَ الْمَدْرَسَةِ.
(۵) رَجَعْتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ
(۶) جَعَلَ مِنَ الماءِ كُلَّ شَیْءٍ حيًّا.

### ......مشق نمبر 5......

تصویر کے مناسب لفظ ھذا کیساتھ الفاظ لکھیں۔

(1) هذا قَلَمٌ (2) هذا شَجَرَةٌ
(3) هذا طَالِبٌ (4) هذا مَقْعَدٌ

### ......مشق نمبر 6......

مثال اِسْمٌ "اَلْاِسْمُ" کی طرح درج ذیل الفاظ پڑھو۔

تِلْمِيْذٌ. مُدَرِّسٌ. كتابٌ. مُهَنْدِسٌ. مَدْرَسَةٌ

اَلتِّلْمِيْذُ. اَلْمُدَرِّسُ. الْكتابُ . اَلْمُهَنْدِسُ . اَلْمَدْرَسَةُ.

## ......اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ......

### ......تیسرا سبق......

### ......آدَابُ الْمَدْرَسَةِ وَالْكُتُبِ......

### ......سکول اور کتابوں کے آداب......

میں اپنے سکول سے پیار کرتا ہوں۔ وہ ہمارے لیے علم کا گھر ہے۔ میں وہاں علم وآدب حاصل کرنے کیلئے روزانہ جاتا ہوں۔ اس اساتذہ اور مدرسات ہیں۔ ہم ان سے علم حاصل کرتے ہیں۔ اور ان کا احترام کرتے ہیں۔ میں سکول کی چیزوں اور فرنیچر کی حفاظت کرتا ہوں۔ ہم اپنے بینچوں اور میزوں کو خراب نہیں کرتے۔ میں سکول کو پاک صاف رکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں سکول کا کمرہ پاک صاف رکھتا ہوں۔ اور میں فاضل مواد (کوڑا کرکٹ) کو ڈسٹ بن میں ڈالتا ہوں جو اس کیلئے مختص ہے۔ میں ہر روز سکول لائبریری جاتا ہوں۔ میں کتابوں سے پیار کرتا ہوں۔ پس اس میں مفید معلومات ہوتے ہیں۔ اور دلچسپ کہانیاں میں اور قیمتی استعار ہم پر کتابوں کی حفاظت لازمی ہے۔ لہٰذا ہمیں اس کی صفحات کو نہیں پھاڑنا چاہیے اور نہ اس پر لکھائی کرنا چاہیے۔

### ......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِیْ مَعَانِی الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بَيْتُ الْعِلْمِ | علم کا گھر | اَخَذَ | حاصل کرنا |
| آدَابٌ | شائستگی کی باتیں | نَحْتَرِمُ | ہم احترام کرتے ہیں |
| اُحَافِظُ | میں حفاظت کرتا ہوں / کرتی ہوں | اَثَاثٌ | فرنیچر |

awazeinqilab.com

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَقْعَدٌ | بنچ/نشست | طَاوِلَةٌ | میز |
| حُجْرَةُ الْفَصْلِ | جماعت کا کمرہ | نَظِيْفَةٌ | پاک صاف |
| اُنَظِّفُ | میں صاف کرتا ہوں / کرتی ہوں | اَضَعُ | میں رکھتا ہوں / رکھتی ہوں |
| قَاذُوْرَاتٌ | کوڑا کرکٹ | سَلَّةٌ | ڈسٹ بن، کوڑا دان |
| لَا تُمَزِّقْ | ہم نہیں پھاڑتے | | |

...... مشق نمبر 2......

مناسب اسم ضمیر کے ساتھ خالی جگہوں کو پر کریں۔

(1) هِيَ ذَهَبَتْ (2) اَنْتَ ذَهَبْتَ

(3) اَنْتِ ذَهَبْتِ (4) اَنَا ذَهَبْتُ

(5) نَحْنُ ذَهَبْنَا

...... مشق نمبر 3......

کالم الف کے الفاظ کالم ب کے ساتھ ملائیں۔

| (کالم الف) | (کالم ب) |
|---|---|
| انا | اسم ضمیر |
| علی | حرف |
| تَاْخُذُ | فعل مضارع |
| بَيْتٌ | اسم نکرہ |
| اَلْمَدْرَسَةُ | اسم معرفہ |

...... مشق نمبر 4......

درجہ ذیل فعل ماضی کیلئے فعل مضارع لاؤ۔

**فعل ماضی :-**

(1) كَتَبَ (2) لَعِبَ

(3) اَخَذَ (4) فَسَدَ

(5) رَجَعَ (6) مَزَّقَ

**فعل مضارع:-**

(1) يَكْتُبُ (2) يَلْعَبُ

(3) يَاْخُذُ (4) يَفْسُدُ (ن.ض)

(5) يَرْجِعُ (6) يَمْزُقُ (ن.ض)

......مشق نمبر 5......

خالی جگہوں کو درجہ ذیل حروف استفہام سے پر کریں۔

(1) كَيْفَ خالُكَ؟ (2) مَا اسْمُكَ؟

(3) مَنْ رَبُّكَ؟

(4) اَتَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ الْيَوْمَ!

(5) هَلْ عِنْدَكَ قَلَمٌ اَمْ لَا ؟

...... مشق نمبر 6......

خالی جملوں میں اسم اشارات تحریر کریں۔

(1) هٰذَا مُعَلِّمٌ (2) هٰذِهٖ مُعَلِّمَةٌ

(3) ذٰلِكَ الْقَمَرُ فِى السَّمَاءِ

(4) تِلْكَ الشَّجَرَةُ عَلَى الْجَبَلِ

......مشق نمبر 7......

مذکر اور مونث میں تمیز کریں۔

مذکر : مُعَلِّمٌ. مُعَلِّمُوْنَ. نظيفٌ.

مونث: مَدْرَسَةٌ . مُعَلِّمَةٌ. مُعَلِّمات . نظيفةٌ. بَيْتٌ. سَلَّةٌ

......اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ......

......چوتھا سبق......

......اَلْمَطَرُ ......

(بارش)

اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کا پالنے والا ہے۔ اس نے زمین کو پیدا کیا۔ اور آسمان (بادل) سے اس پر پانی اتارا اور تمام چیزوں کو پانی سے پیدا کیا۔ پانی بادل سے آتا ہے۔ اور اس کو بارش کہا جاتا ہے۔ بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ اس میں انسانوں، جانوروں، زمین، درختوں اور پودوں کی زندگی ہے۔ ہم بارش سے خوب فائدے اٹھاتے ہیں۔ لیکن جب بارش زیادہ برستی ہے تو زمین پر سیلاب کثرت سے آتا ہے اور وہ کھیتوں کو نقصان پہنچاتا ہے اور عمارات کو مسمار (ویران) کرتا ہے۔

......مشق نمبر 1......

درجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلْمَطَرُ | بارش | يَاْتِيْ | آتا ہے |
| اَلْاَرْضُ | زمین | اَلسَّحَابُ | بادل |
| حَيًّا | زندہ | نَسْتَفِيْدُ | ہم فائدہ اٹھاتے ہیں |
| اَلْفَيْضَان | فائدہ پہنچانا | يَهْدِمُ | وہ گراتا ہے |
| رَخِيْصٌ | نقصان پہنچانا | اَلْمَبَانِيْ | عمارات |
| نَتَمَتَّعُ | ہم فائدہ اٹھاتے ہیں | | |

......مشق نمبر 2......

درجہ ذیل سوالات کے جواب دو۔

(1) مَنْ رب العلمين؟

جواب: اَللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ.

(2) مَاذَا خَلَقَ اللّٰهُ ؟

جواب: خَلَقَ اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ

(3) هَلِ الْمَطَرُ رَحْمَةٌ

جواب: نَعَمْ اَلْمطَرُ رَحْمَةٌ



(4) مَاذَا يَنْزِلُ مِنَ السَّحَاب.

جواب: يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّحَابِ.

(5) هَلْ نَسْتَفِيْدُ مِنَ الْمَطَرِ؟

جواب: نَعَمْ نَسْتَفِيْدُ مِنَ الْمَطَرِ

......مشق نمبر 3......

خالی جگہ کو قوسین میں دیے گئے مناسب الفاظ سے پر کریں۔

(1) اَنْزَلَ فِيْهَا الْمَاءَ مِنَ السَّمَاءِ.

(2) جَعَلَ مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيًّا.

(3) فِي الْمَطَرِ حَيَاةٌ لِلنَّاسِ

(4) يَظْهَرُ الْفَيْضَانُ عَلَى الْاَرْضِ.

(5) هُوَ يُفْسِدُ الْحُقُوْلَ وَيَهْدِمُ الْمَبَانِيَ

......مشق نمبر 4......

درجہ ذیل مفردات کے جمع بنائیں۔

| مفرد | جمع | مفرد | جمع |
|---|---|---|---|
| عَالَمٌ | عَوَالِم ، عَالِمون | حَقْلٌ | حُقُوْلٌ،حُقُوْلٌ |
| سَمَاءٌ | سَمَاوَاتٌ | حَيَوَانٌ | حَيَوَانَاتٌ |
| شَيْءٌ | اَشْيَاءٌ | مَطَرٌ | اَمْطَار |
| شَجَرٌ | اَشْجَارٌ | ...... | ............ |

......مشق نمبر 5......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) بارش اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔

(2) بادل سے پانی آتا ہے۔

(3) اللہ تعالیٰ نے زمین پیدا کی

(4) پانی میں زندگی ہے۔

(5) ہم بارش سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

**عربی:**

(1) اَلْمَطَرُ رَحْمَةٌ مِنَ اللّٰه

(2) يَاْتِي الْمَاءُ مِنَ السَّحابِ

(3) خَلَقَ اللّٰهُ الْاَرْضَ.

(4) فِي الْمَاءِ حَيَاةٌ

(5) نَسْتَفِيْدُ مِنَ الْمَطَرِ

......مشق نمبر 6......

مثال کی طرح درجہ ذیل افعال مضارع سے ماضی بنائیں:۔

| ماضی | مضارع | ماضی | مضارع |
|---|---|---|---|
| ذَهَبَ | يَذْهَبُ | نَزَلَ | يَنْزِلُ |
| ظَهَرَ | يَظْهَرُ | يَنْصُرُ | نَصَرَ |
| جَعَلَ | يَجْعَلُ | خَبِرَ | يَخْبِرُ |

......اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ......

......پانچواں سبق......

......اَلْبِرُّ بِالْوَالِدَيْنِ......

......والدین کے ساتھ حسن سلوک......

میں اپنے ماں باپ سے بہت پیار کرتا ہوں۔ اور ان دونوں کا حکم مانتا ہوں اور کبھی ان دونوں کی نافرمانی نہیں کرتا۔ میرے والد صبح سویرے گھر سے نکلتا ہے۔ اور اپنے کام کیلئے چلتا ہے۔ اور مال و دولت کماتا ہے۔ اور وہ ہمارے لئے ضرورت کی تمام چیزیں مثلاً خوراک کپڑے، کتابیں اور دیگر اشیاء خریدتا ہے۔ اور بیشک میری ماں ہماری وجہ سے مشقت میں پڑتی ہے۔ پس وہ ہمارے لئے خوراک اور ناشتہ تیار کرتی ہے۔ اور ہمارے کپڑے دھوتی ہے۔ ہماری تربیت اور صفائی کی وجہ سے مشقت میں پڑتی ہے اور ہماری بیماری کی وجہ سے جاگتی رہتی ہے اور پریشان ہوتی ہے۔ اور ہماری طرف مائل ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

تیرے رب نے حکم دیا ہے کہ اسکے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو اف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور اُن سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔ اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی ان (کے حال) پر رحمت فرما۔ (سورۃ بنی اسرائیل:23)

میں اپنی ماں باپ کی عزت کرتا ہوں اور دلی جذبہ کیساتھ ان کا احترام کرتا ہوں۔ اور ساری زندگی میں ان دونوں کی خدمت کرنا پسند کرتا ہوں۔

......التدریبات......

......مشقیں......

**مشق نمبر 1**

اُكْتُبْ/اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اُحِبُّ | میں پسند کرتا / کرتی ہوں | يَكْتَسِبُ | وہ کماتا ہے |
| اُطِيْعُهُمَا | میں دونوں کا حکم مانتا / مانتی ہوں | لَا اَعْصِيْهِمَا. | میں دونوں کی نافرمانی نہیں کرتا |
| مُبَكِّرًا | صبح سویرے | يَشْتَرِيْ | وہ خریدتا ہے |
| نَحْتَاجُ | ہمیں ضرورت ہوتی ہے | اُكْرِمُ | میں عزت کرتا ہوں / کرتی ہوں |
| عَوَاطِفُ | جذبات / احساسات | تَتْعَبُ | مشقت اٹھانا |
| حَيَاتِيْ | میری زندگی | اَخْدِمُهُمَا | میں ان دونوں کی خدمت کرتا ہوں |

Scanned with CamScanner

......مشق نمبر 2......

درجہ ذیل سوالات کے جواب دو۔

سوال1: هَلْ تُحِبُّ وَالِدَيْكَ؟
جواب: نعم أُحِبُّ وَالِدَيَّ.
سوال2: هَلْ تُطِيْعُ وَالِدَيْكَ؟
جواب: نَعَمْ أُطِيْعُ وَالِدَيَّ
سوال3: لِمَاذَا يَذْهَبُ اَبُوْكَ مُبَكِّرًا؟
جواب: يَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِهٖ.
سوال4: مَاذَا تَفْعَلُ اُمُّكَ فِي الْبَيْتِ؟
جواب: تُعِدُّ طَعَامًا و فُطُوْرًا فِيْ الْبَيْتِ.
سوال5: ما قال اللّٰه تعالىٰ فِي بِرِّ الْوَالِدَيْنِ؟
جواب: قال اللّٰه تعالىٰ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا.

......مشق نمبر 3......

خالی جگہوں کو قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ کے ساتھ پر کریں۔

(1) يَخْرُجُ اَبِيْ مِن البيتِ مُبَكِّرًا.
(2) اُمِّيْ تُعِدُّ طَعَامًا و فُطُوراً
(3) اُمِّيْ تَغْسِلُ ثِيَابَنَا
(4) هِيَ تَعْتَنِيْ بِنَظَافَتِنَا و تَرْبِيَتِنَا
(5) اَبِيْ يَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِهٖ

......مشق نمبر 4......

درجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) میں اپنے والدین سے محبت کرتا / کرتی ہوں۔
(2) میرے والد تاجر ہیں۔
(3) وہ صبح سویرے کام پر جاتے ہیں۔
(4) میری امی کھانا تیار کرتی ہیں۔
(5) میں اپنے ماں باپ کا احترام کرتا / کرتی ہوں۔

عربی:

(1) اَنَا اُحِبُّ وَالِدَيَّ.
(2) اَبِيْ تَاجِرٌ.
(3) هو يَذْهَبُ مُبَكِّرًا إِلٰى عَمَلِهٖ
(4) تُعِدُّ اُمِّيْ طَعَامًا.
(5) اَنَا اَحْتَرِمُ اَبِيْ و اُمِّيْ.

......مشق نمبر 5......

اس سبق میں مذکورہ دو آیتیں بچے زبانی یاد کریں۔

......مشق نمبر 6......

کالم الف میں کالم ب کے الفاظ کے مناسب ضمیر مثال کی طرح لکھیں۔

| ا | ب |
| --- | --- |
| هو | يَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِهٖ |
| هِيَ | تَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِهَا |
| اَنْتِ | تَذْهَبِيْنَ إِلٰى عَمَلِكِ |
| اَنْتَ | تَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِكَ |
| اَنَا | اَذْهَبُ إِلٰى عَمَلِيْ |

## ......اَلدَّرْسُ السَّادِسُ......

## ......چھٹا سبق......

## بَاكِسْتَانُ. اَلْجَمْهُوْرِيَّةُ الْإِسْلَامِيَّةُ

### ......اسلامیہ جمہوریہ پاکستان......

میرا وطن پاکستان ہے۔ اور اس کا نام اسلامیہ جمہوریہ پاکستان ہے۔ علامہ اقبال نے پاکستان کا تصور پیش کیا۔ اور مسلمانوں نے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں اس آزاد اسلامی ریاست کے قیام کیلئے کوششیں کیں۔ اور پاکستان اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے 14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر نمودار ہوا۔

پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ہے اور یہ ہے صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ خیبر پختون خوا اور صوبہ بلوچستان اور آزاد کشمیر اس پر کشمیری قوم حکومت کرتی ہے۔

اسلام آباد شہر پاکستان کا دارالخلافہ ہے میں اپنے وطن پاکستان سے پیار کرتا ہوں کیونکہ یہ قدرتی وسائل سے مالا مال اسلامی ریاست ہے۔ اور پاکستانی قوم بہادر مسلمان قوم ہے۔ جو اپنے حقوق کی حفاظت کرتی ہے اور اپنے پیارے ملک میں منشیات اور دہشت گردی کا مقابلہ (روک تھام) کرتی ہے۔

......مشق نمبر-1......

اُكْتُبْ / اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| جَاهَدَ | اس نے کوشش کی | إِنْشَاء | بنانا |
| إِرْشَادٌ | رہنمائی | قَدَّمَ | اس نے پیش کیا |
| نَجَحُوْا | وہ سب کامیاب ہوئے | تَشْتَمِلُ | مشتمل ہے |
| أَقَالِيْمُ | صوبے | اَلْحُرَّةُ | آزاد |
| شَعْبٌ | قوم، گروہ | عَاصِمَةٌ | صدر مقام / دارالحکومت |
| غَنِيَّةٌ | مالا مال | مَوَارِدُ | (واحد مورد) وسائل |
| يُكَافِحُ | وہ مقابلہ کرتا ہے | الطَّبِيْعِيَّةِ | قدرتی |
| مُسْتَقِلَّةٌ | آزاد | خَارِطَةِ | نقشہ |

......مشق نمبر 2......

قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کریں۔

(1) وَطَنِيْ بَاكِسْتَانُ
(2) اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ إِقْبَال قَدَّمَ فِكْرَةَ بَاكِسْتَانَ.
(3) تَشْتَمِلُ بَاكِسْتَانُ عَلٰى اَرْبَعَةِ اَقَالِيْمَ.
(4) عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ اِسْلَام آبَاد.
(5) بَاكِسْتَانُ غَنِيَّةٌ بِاَنْوَاعٍ مِنَ الْمَوَارِدِ

......مشق نمبر 3......

درجہ ذیل سوالات کے جوابات دو۔

سوال1: مَااسْمُ وَطَنِكَ؟
جواب: اِسْمُ وَطَنِيْ جَمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْاِسْلَامِيَّةُ.
سوال2: مَنْ بَنٰى بَاكِسْتَانَ؟
جواب: اَلْقَائِدُ الاَعْظَمُ مُحَمَّد عَلِيْ جَنَاح.
سوال3: مَنْ قَدَّمَ فِكْرَةَ باكِستانَ؟
جواب: قَدَّمَ فِكْرَةَ باكستانَ العَلَّامَةُ مُحَمَّدُ اِقْبَال.
سوال4: كَيْفَ الشَّعْبُ الْبَاكِسْتَانِيُّ؟
جواب: اَلشَّعْبُ الْبَاكستانِيُّ شَعْبٌ مُسْلِمٌ شُجَاعٌ
سوال5: مَا اِسْمُ اِقْلِيْمِكَ؟
جواب: اِسْمُ اِقْلِيْمِيْ خَيْبَرْ بَخْتُوْنْخوا.

(ب) حروف استفہام کو اپنی طرف سے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملوں میں استعمال |
| --- | --- |
| مَا | مَا اِسْمُكَ |
| مَنْ | مَنْ رَبُّكَ؟ |
| كَيْفَ | كَيْفَ حَالُكَ |
| هَلْ | هَلْ عِنْدَكَ قَلَمٌ |

......مشق نمبر 4......

درجہ ذیل میں سے اسم معرفہ اور اسم نکرہ علیحدہ علیحدہ کریں۔

| اسم معرفه | اسم نكرة |
| --- | --- |
| بَاكِسْتَانُ | فِكْرَةٌ |
| اَلْمُسْلِمُوْنَ | قِيَادَةٌ |
| اَلْقائد الاعظمُ | اِقْلِيْمٌ |
| مُحَمَّد اقبال | وَطَنٌ |
| اَغُسْطُسْ | |
| كَشْمِيْرُ | |

......مشق نمبر 5......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) میرا ملک پاکستان ہے۔
(2) پاکستانی قوم بہادر قوم ہے۔
(3) قائداعظم پاکستان کے بانی ہے۔
(4) پاکستان کے چار صوبے ہیں۔
(5) پشاور صوبہ خیبر پختونخوا کا صدر مقام ہے۔

عربی:



(1) وَطَنِيْ بَاكِسْتَانُ
(2) اَلشَّعْبُ الْبَاكِستانِيُّ شَعْبٌ شُجَاعٌ
(3) اَلْقائد الاعظمُ هُوَ مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ
(4) تَشْتَمِلُ بَاكِسْتَانُ عَلٰى اَرْبَعَةِ اَقَالِيْمَ.
(5) عَاصِمَةُ اِقْلِيْمِ خَيْبَرَ بَخْتُونْخوا اَرْبِشَاوَرْ

......مشق نمبر 6......

درجہ ذیل الفاظ میں سے حروف، ضمائر، فعل ماضی اور فعل مضارع کو اپنے کالم میں لکھ دیں۔

| | |
| --- | --- |
| قائمة الضمائر | اَنْتَ . هِيَ . اَنَا . هُوَ |
| قَائِمَةُ الحروف | مِنْ. عَلٰى . عَنْ |
| قائِمَةُ اَفْعَالِ الماضِي | جَاهَدَ . ظَهَرَ. قَدَّمَ . ذَهَبَ |
| قَائِمَةُ اَفْعَالِ الْمُضَارِعِ | يَسْمَعُ . يَحْكُمُ. يَدْفَعُ. يُحِبُّ |

## ......اَلدَّرْسُ السَّابِعُ......

## ......ساتواں سبق......

## ......النَّظَافَة ......

### ......صفائی......

دین اسلام نے صفائی پر بہت زور دیا ہے۔ کیونکہ صفائی صحت کیلئے ضروری ہے اور اس کا خیال رکھنا چھوٹوں اور بڑوں پر لازمی ہے۔ اور یہ جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔ ہم پر لازمی ہے کہ ہم اپنے جسم کے سارے اعضاء کی پاکیزگی کا خیال رکھے۔ کھانا کھانے سے قبل دونوں ہاتھ دھونا، ناخن تراشنا اور دانتوں کی صفائی کیلئے مسواک کرنا نبی کریم ﷺ کی سنت میں سے ہیں۔ اور جب ہم نماز ادا کرنے کا ارادہ کرے تو پاک صاف پانی سے وضو کرنا ہم پر فرض ہے۔ بیشک صفائی ایمان میں سے ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وہ بیشک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور صفائی کا خیال رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (البقرۃ 222)

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ "صفائی ایمان کا حصہ ہے"۔ مسلم شریف

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ / اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| اِهْتَمَّ | اس نے اہمیت دی ہے | النَّظَافَةُ | صفائی |
| رِعَايَتُهَا | اس کا خیال رکھنا | ضَرُوْرِيَّةٌ | ضروری ہے |
| مِنْ سُنَّةٍ | مسنون ہے | تَقْلِيْمُ | کاٹنا / تراشنا |
| أَظَافِرِ | ناخن | عَلَيْنَا | ہمارے لئے لازم ہے |
| تَتَجَمَّعُ | جمع ہوں | اَوْسَاخُ | میل کچیل |
| سِوَاكٌ | مسواک کرنا | تَنْظِيْفُ | صفائی / ستھرائی |
| الطُّهُوْرُ | پاکیزگی | تَوَّابِيْنَ | توبہ کرنے والے |

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| شَطْرٌ | حصہ / نصف | مُتَطَهِّرِيْنَ | پاکیزگی کا خیال رکھنے والا |

## ......مشق نمبر 2......

درج ذیل سوالوں کے جواب دو۔

سوال1: هَلْ اهْتَمَّ الإِسْلَامُ بِالنَّظَافَةِ ؟

جواب: نَعَمْ اهْتَمَّ الإِسْلَامُ بِالنَّظَافَةِ.

سوال2: مَا فَائِدَةُ النظافةِ؟

جواب: هِيَ تَحْفَظُ الجِسْمَ مِنَ الأَمْرَاضِ.

سوال3: مَاذَا مِنْ سُنَّةِ النَّبِيِّ ﷺ ؟

جواب: غَسْلُ الْيَدَيْنِ قَبْلَ أَكْلِ الطَّعَامِ و تَقْلِيمُ الأَظْفَارِ وَالسِّوَاكُ مِنْ سُنَّةِ النبي ﷺ.

سوال4: ماذا قَالَ رسول الله ﷺ عَنِ الطَّهَارَةِ؟

جواب: قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ "اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الإِيْمَان"

سوال5: مَاذَا قَالَ اللّٰه تعالىٰ عَنِ الطَّهَارةِ؟

جواب: قَالَ اللّٰهُ تَعَالىٰ : إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ.

(ب) أ . هَلْ . كَيْفَ . ما . فِي إِنَّ الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملوں میں استعمال |
|---|---|
| أ | أ أَنْتَ فَعَلْتَ هذا |
| هَلْ | هَلْ تُحِبُّ رَبَّكَ |
| ما | مَا وَعَدَ اللّٰهُ البِرُّ / ما عُمُرُكَ |
| فِيْ | أَسْكُنُ فِيْ مَرْدَانَ |

## ......مشق نمبر 3......

درج ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کریں۔

(i) اَلنَّظَافَةُ لَازِمَةٌ عَلَى الْكِبَارِ وَالصِّغَارِ.

(ii) اَلنَّظَافَةُ ضَرُوْرِيَّةٌ لِحِفْظِ الصِّحَّةِ.

(iii) يَجِبُ عَلَيْنَا الْوُضُوْءُ بِالْمَاءِ النَّظِيْفِ.

(iv) اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الإِيْمَانِ.

(v) أَنَا أَغْسِلُ يَدَيَّ قَبْلَ أَنْ آكُلَ الطَّعَامَ.

## ......مشق نمبر 4......

ان الفاظ کیلئے مفرد لائیں۔

| جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|
| اظفار | ظُفْرٌ | أَسْنَانٌ | سِنٌّ |
| التوابين | التواب | أَعْضَاءٌ | عُضْوٌ |
| اَلْمُتَطَهِّرِيْنَ | اَلْمُتَطَهِّرُ | أَمْرَاضٌ | مرض. |
| أَجْسَام | جِسْمٌ | ...... | ...... |

ب: درج ذیل الفاظ کیساتھ اسماء اشارات لگائیں۔

| | |
|---|---|
| هذا البَابُ | تِلْكَ السَّاعَةُ |
| هذا الكُرْسِيُّ | هٰذا الجدارُ |
| هٰذِهِ السَّبُّوْرَةُ | ذٰلِكَ الْمَكْتَبُ |
| هٰذِهِ الْمِرْوَحَةُ | ذٰلِكَ الْمُعَلِّمُ |
| ذٰلِكَ المحفظةُ | تِلْكَ الْمُعَلِّمَةُ |
| هذا السَّقْفُ | ...... |

## ......مشق نمبر 5......

درج ذیل ماضی افعال کو مضارع میں تبدیل کریں۔

| ماضی | مضارع | ماضی | مضارع |
|---|---|---|---|
| غَسَلَ | يَغْسِلُ | أَكَلَ | يَأْكُلُ |
| قَالَ | يَقُوْلُ | صَلَّى | يُصَلِّي |
| وَجَبَ | يَجِبُ | اِهْتَمَّ | يَهْتَمُّ |

## ......مشق نمبر 6......

درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

1) اسلام صفائی کا دین ہے۔

2) صفائی صحت کے لیے ضروری ہے۔

3) میں اپنے دانت صاف کرتا / کرتی ہے۔

4) یہ صاف پانی ہے۔

5) صفائی ایمان کا حصہ ہے۔

**عربی:**

1) اَلإِسْلَامُ دِيْنُ النَّظَافَةِ

2) اَلنَّظَافَةُ ضَرُوْرِيَّةٌ لِلصِّحَّةِ

3) أَنَا أُنَظِّفُ أَسْنَانِيْ.

4) هذا مَاءٌ طَاهِرٌ.

5) اَلنَّظَافَةُ مِنَ الإِيْمَان

# ......اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ......

## ......آٹھواں سبق......

## ......اَلرِّفْقُ بِالْحَيَوَانَاتِ......

## ......جانوروں سے حسن سلوک......

ترجمہ: میری بہن پاک نفس اور صاف دل والی ہے وہ اللہ تعالیٰ سے پیار کرتی ہے۔ اور اپنے خاندان کی خدمت کرتی ہے۔

وہ پالتو جانور مثلاً بلی، بھیڑ، مرغی، بکری کا بچہ اور پرندوں پر مہربان ہے۔ وہ ان کی صفائی کا خیال رکھتی ہے اور ان کو کھانا کھلاتی ہے اس کے گھر میں اس کے علاوہ جانور ہیں۔ مثلاً گائے بھینس، کتا، بیل، گدھا اور گھوڑا ان جانوروں کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ کیونکہ یہ ہمیں دودھ گوشت، اور اُون دیتی ہیں اور ہمارے بوجھوں کو اٹھاتے ہیں۔ ہمارے گھروں کی حفاظت کرتے ہیں اور ہماری فصلوں کو سیراب کرتے ہیں۔



جانوروں سے نرمی کا برتاؤ ہر انسان پر لازمی ہے اور یہ اچھا عمل ہے۔

## ......مشق نمبر 1......

أُكْتُبْ / أُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلرِّفْقُ | عمدہ سلوک کرتی ہے | كَرِيْمَةُ النَّفْسِ | رحمدل |
| تَرْفُقُ | عمدہ سلوک کرتی ہے | دَجَاجَةٌ | مرغی |
| أَلِيْفَةٌ | پالتو / مانوس | خَرُوْفٌ | بکری کا بچہ |
| تُنَظِّفُ | وہ صاف کرتی ہے | تَحْرُسُ | حفاظت کرتی ہے، |
| جَامُوْسٌ | بھینس | فَرَسٌ | گھوڑا |
| جَائِعَةٌ | بھوکے / بھوکی | عَاطِشَةٌ | پیاسے / پیاسی |
| الصُّوْفُ | اُون | أَثْقَالٌ | بوجھ |
| حَسَنٌ | اچھا | | |

## ......مشق نمبر 2......

درج ذیل سوالات کے جواب دو۔

سوال1: هَلْ زَيْنَبُ كَرِيْمَةُ النَّفْسِ ؟

جواب: نَعَمْ زَيْنَبُ كَرِيْمَةُ النَّفْسِ.

سوال2: هَلْ زَيْنَبُ تُحِبُّ اللّٰهَ تعالىٰ؟

جواب: نَعَمْ هِيَ تُحِبُّ اللّٰهَ تعالىٰ.

سوال3: هَلْ زَيْنَبُ تَخْدِمُ أُسْرَتَهَا؟

جواب: نَعَمْ هِيَ تَخْدِمُ أُسْرَتَهَا.

سوال4: مَا فِيْ بَيْتِكَ مِنَ الْحَيَوَانَاتِ؟

جواب: فِيْ بَيْتِيْ جَامُوْسٌ

سوال5: مَا فَوَائِدُ الْحَيَوَانَاتِ ؟

جواب: مِنْ فوائد الحيوانات اَلْحَلِيْبُ واللَّحْمُ والصُّوْفُ وَأَيْضًا تَحْمِلُ أَثْقَالًا.

## ......مشق نمبر 3......

درج ذیل جمع کیلئے مفرد الفاظ لائیں۔

| جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|
| حَيَوَانَاتٌ | حَيَوَانٌ | فَوَائِدُ | فَائِدَةٌ |
| طُيُوْرٌ | طَائِرٌ | بُيُوْتٌ | بَيْتٌ |
| بَقَرَاتٌ | بَقَرَةٌ | أَثْقَالٌ | |

## ......مشق نمبر 4......

درج ذیل الفاظ میں مذکر اور مونث کا تمیز کریں۔

مذکر: اَلْفَرَسُ. حَلِيْبٌ. وَالِدٌ

مؤنث: زَيْنَبُ . كَرِيْمَةٌ. هِرَّةٌ. بَقَرَةٌ. بَيْتٌ

## ......مشق نمبر 5......

الف: درج ذیل الفاظ میں سے اسموں کو نکالیں۔

اسماء: كَلْبٌ. كَرِيْمَةٌ. هِرَّةٌ. الشَّاةُ . وَاجِبٌ. الحيوانات. اَلْحَلِيْبُ.

ب: کالم الف میں کالم ب کے الفاظ کے موافق اسماء سے اشارات لکھ دو۔

| کالم ب | کالم الف |
|---|---|
| خَرُوْفٌ | هذا |
| هِرَّةٌ على الجدار | تِلْكَ |
| دَجَاجَةٌ | هٰذِهِ |
| شَاةٌ فِي الْجَبَلِ | تِلْكَ |
| كَلْبٌ | هذا |
| حِمَارٌ فِي الْحَقْلِ | ذَالِكَ |
| بَقَرَةٌ | هذا . هذه |
| جَمَلٌ | هذا |
| طَيْرٌ فِي السَّمَاءِ | ذَالِكَ |

## ......مشق نمبر 6......

درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں اور خوشخط تحریر کریں۔

(1) زینب میری بہن ہے۔

(2) وہ بڑی نرم دل ہے۔

(3) میں پالتو جانوروں کو پسند کرتا / کرتی ہوں

(4) بلی بھوکی اور پیاسی ہے۔

(5) کتا گھر کی حفاظت کرتا ہے۔

**عربی:**

(1) زَيْنَبُ أُخْتِيْ.

(2) هِيَ رَقِيْقُ الْقَلْبِ.

(3) أَنَا أُحِبُّ الْحَيَوَانَاتِ الأَلِيْفَةَ.

(4) اَلْهِرَّةُ جَائِعَةٌ وَ عَاطِشَةٌ.

(5) اَلْكَلْبُ يَحْرُسُ بَيْتًا.

# ......اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ......

## ......نواں سبق......

## حَوْلَ الْمَائِدَةِ (الحِوَارُ بَيْنَ الاِبْنِ وَالأَبِ)

## بیٹے اور باپ کھانے کی میز پر

## (بیٹے اور باپ کے درمیان مکالمہ)

بیٹا: اے میرے پیارے ابو السلام علیکم۔

والد: وعليكم السلام ورحمة الله و بركاتہ

بیٹا: میرے ابو جان کھانا تیار ہے مہربانی کر کے دسترخوان پر تشریف لائے۔

والد: پیارے بیٹے اچھا! کیا تو نے ہاتھ دھوئے ہیں۔

Scanned with CamScanner

بیٹا: ہاں میرے ابو! آج آپ کونسا طعام کھانا پسند کرتے ہو۔
والد: میں دودھ کیساتھ چاول کھانا پسند کرتا ہوں۔
بیٹا: کیا آپ گوشت، سبزیاں اور مسور نہیں کھاتے۔
والد: نہیں۔ آج میں رات کا کھانا ہلکا سا پسند کرتا ہوں۔
بیٹا: کیا تم اور کوئی چیز پسند کرتے ہو۔
والد: ہاں سلاد کی پلیٹ
بیٹا: اچھا اے میرے ابو لیجئے۔
والد: اے میرے بیٹے آپ کا شکریہ۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے لو اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔
بیٹا: اے میرے ابو آپ کا شکریہ
والد: کھانا خوش ذائقہ ہے اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہیں۔
بیٹا: کیا تم چائے پینا پسند کرتے ہو۔
والد: ہاں، میں دودھ کے بغیر چائے پیئوں گا۔
بیٹا: اے میرے ابو مہربانی کر کے لیجئے۔
والد: آپ کا شکریہ اور ساری تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے خاص ہیں۔

......التدریبات......

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| حَوْلَ الْمَائِدَةِ | دسترخوان پر | تَفَضَّلْ | آیئے/لیجئے |
| جَاهِزٌ | تیار | طَيِّبٌ | ٹھیک ہے |
| بُنَيَّ | میرے چھوٹے بیٹے | عَدَسٌ | مسور/دال |
| اللَّحْمُ | گوشت | خُضَارٌ | سبزیاں |
| عَشَاءٌ | رات کا کھانا | خَفِيْفٌ | ہلکا |
| صَحْنٌ | پلیٹ | سَلَطَةٌ | سلاد |
| سَمِّ اللهَ | بسم اللہ پڑھو | يَمِيْنٌ | دایاں ہاتھ |

......مشق نمبر 2......

درجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

سوال 1: هَلْ غَسَلَ الْاِبْنُ يَدَيْهِ؟
جواب: نَعَمْ غَسَلَ الْاِبْنُ يَدَيْهِ.
سوال 2: مَاذَا أَكَلَ الْأَبُ.
جواب: أَكَلَ الْأَبُ الْأَرُزَّ مَعَ اللَّبَنِ
سوال 3: هَلْ شَرِبَ الْأَبُ الشَّايَ.
جواب: نَعَمْ شَرِبَ الْأَبُ الشَّايَ لٰكِنْ بِدُوْنِ الْحَلِيْبِ.
سوال 4: كَيْفَ كَانَ الطَّعَامُ
جواب: كَانَ الطَّعَامُ لَذِيْذًا.
سوال 5: كَيْفَ مَا أَكَلَ بَعْدَ الطَّعَامِ؟

جواب: أَكَلَ الطَّعَامَ بِيَمِيْنِهٖ.

......مشق نمبر 3......

مدرس کیلئے لازمی ہے کہ شاگردوں سے درجہ ذیل سوالات پوچھے

......مشق نمبر 4......

درجہ ذیل الفاظ استفہامیہ کو استعمال کر کے پانچ جملے بنائیں۔

هَلْ، أَ، مَنْ، مَا، كَيْفَ

| الفاظ | استعمال |
|---|---|
| هَلْ | هَلْ هٰذَا كِتَابُ الْقَصَصِ |
| أَ | أَأَنْتَ مُهَنْدِسٌ |
| مَنْ | مَنْ رَبُّكَ |
| مَا | مَا هُوَ الْبِلْدُ الْحَيَوَانَاتِ |
| كَيْفَ | كَيْفَ عِشْتَكَ |

......مشق نمبر 5......

الف: درجہ ذیل جملوں میں سے اسمیہ جملے اور فعلیہ جملے متعین کرے۔

| فعلیہ جملے | اسمیہ جملے |
|---|---|
| أَكَلَ حَامِدٌ الطَّعَامَ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. |
| اِشْرَبْ الشَّايَ | الطَّعَامُ جَاهِزٌ |
| | هٰذَا طَعَامٌ لَذِيْذٌ |
| | السَّلَامُ عَلَيْكُمْ |

ب: درجہ ذیل الفاظ سے فعلیہ جملے اور اسمیہ جملے بنائیں۔

| فعلیہ جملے | اسمیہ جملے |
|---|---|
| فَتَحَ خَالِدٌ الْبَابَ | الْأَرُزُّ لَذِيْذٌ |
| أَكَلْتُ زَيْنَبُ الطَّعَامَ | إِسْمِيْ حَامِدٌ |

......مشق نمبر 6......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) ہم دسترخوان کے گرد بیٹھے ہیں۔
(2) آیئے شاہد! کھانا تیار ہے۔
(3) اس پلیٹ میں کیا ہے۔
(4) اس میں سلاد ہے۔
(5) کھانا بہت مزیدار ہے۔

عربی:
(1) نَحْنُ نَجْلِسُ حَوْلَ الْمَائِدَةِ.
(2) تَفَضَّلْ يَا شَاهِدُ! الطَّعَامُ جَاهِزٌ.
(3) مَا فِيْ هٰذَا الصَّحْنِ.



(4) فِيْهِ سَلَطَةٌ.
(5) الطَّعَامُ لَذِيْذٌ جِدًّا.

......اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ......

......دسواں سبق......

......اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ اِقْبَالٌ......

......علامہ اقبال......

استاد: پیارے بچو! آج ہم شاعر اسلام علامہ محمد اقبال کے بارے میں گفتگو کریں گے۔ کیا تمہیں ان کے بارے میں کچھ علم ہے۔
احمد: یہ وہ شخص ہے جس نے سب سے پہلے تصور پاکستان پیش کیا۔ اور اسی وجہ سے اس کو مفکر پاکستان کہا جاتا ہے۔
زینب: آپ 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ شہر میں پیدا ہوئے۔
اسلم: محمد اقبال اپنے والدین کے سایہ پروان چڑھے۔
سلمٰی: مڈل سکول میں آپ کے اساتذہ میں سے ایک سید میر حسن صاحب تھے جو عالم اور کامل انسان تھے۔ اور علامہ اقبال کی زندگی پر اس کا گہرا اثر تھا۔
اجمل: آپ نے پنجاب یونیورسٹی سے فلسفہ میں ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔
عقیلہ: آپ نے یورپ کا سفر کیا اور وہاں پی۔ ایچ۔ ڈی اور وکالت کی ڈگری حاصل کی۔
حبیب: آپ یورپ سے واپس لوٹے۔ اور لاہور میں وکالت کو بطور پیشہ شروع کیا۔ اور مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کرتے رہے۔
شاکر: شاعری اور اسلامی فکر میں آپ کی کتابیں ہیں۔ آپ 21 اپریل 1938ء کو وفات پا گئے اور لاہور میں آپ کا مزار ہے۔
استاد: بہت خوب۔ آپ سب کا شکریہ۔

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مُفَكِّرٌ | سوچنے والا | ظِلٌّ | سایہ |
| ثَانَوِيَّةٌ | ہائی/ثانوی | نَتَكَلَّمُ | ہم بات کریں گے |
| بَارِعٌ | عمدہ | مَاجِسْتِيْر | ایم اے |
| اَلدُّكْتُوْرَاه | پی ایچ ڈی | شَهَادَةٌ | ڈگری/سند |
| مُحَامَاةٌ | وکالت | أُوْرُبَّا | یورپ |
| مِهْنَةٌ | پیشہ | مَزَارٌ | مزار |
| دَافَعَ | حفاظت کی | تُوُفِّيَ | وہ وفات پا گیا |
| أَحْسَنْتُمْ | تم سب کو شاباش ہو | | |

......مشق نمبر 2......

(الف) درجہ ذیل سوالات کے جواب دو۔

سوال 1: مَنْ هُوَ شَاعِرُ الْإِسْلَامِ؟
جواب: اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ اِقْبَال.
سوال 2: أَيْنَ وُلِدَ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ اِقْبَالٌ؟
جواب: وُلِدَ مُحَمَّدُ اِقْبَال بِمَدِيْنَةِ سِيَالْكُوْت.
سوال 3: مَنْ قَدَّمَ فِكْرَةَ الشَّاءِ دَوْلَةٍ اِسْلَامِيَّةٍ.
جواب: اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ اِقْبَال قَدَّمَ فِكْرَةَ الشَّاءِ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ.
سوال 4: مَنْ اَلْعَلَّامَةُ السَّيِّدُ مِيْر حَسَنْ.
جواب: السَّيِّدُ مِيْر حَسَنٌ هُوَ اُسْتَاذٌ لِعَلَّامَة مُحَمَّد اِقْبَال.
سوال 5: هَلْ سَافَرَ مُحَمَّدُ اِقْبَال إِلَى أُوْرُبَّا.
جواب: نَعَمْ سَافَرَ مُحَمَّدُ اِقْبَال إِلَى أُوْرُبَّا.

(ب) حروف استفہام کو جملوں میں استعمال کر کے اپنی طرف سے سوالات بناؤ۔

| حروف استفہام | استعمال |
|---|---|
| هَلْ | هل أَنْتَ سَمِيْنٌ |
| أَ | أَنْتَ فَعَلْتَ هذا |
| مَنْ | مَنْ فِيْ الْمَسْجِدِ؟ |
| مَا | ما اسْمُ مَدْرَسَتِكَ؟ |
| كَيْف | كَيْفَ حَالُكَ |

......مشق نمبر 3......

قوسین میں دیے گئے مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کریں۔

(1) هُوَ الَّذِيْ قَدَّمَ فِكْرَةَ بَاكِسْتَانَ أَوَّلًا.
(2) نَشَأَ محمد اقبال تَحْتَ ظِلِّ وَالِدِهِ الْكَرِيْمِ وَوَالِدَتِهِ الصَّالِحَةِ.
(3) لِلسَّيِّدِ مِيْر حسن أَثَرٌ كَبِيْرٌ عَلٰى حَيَاةِ الْعَلَّامَةِ محمد اقبال.
(4) نَالَ الْعَلَّامَةُ شَهَادَةَ الْمَاجِسْتِيْرِ فِي الْفَلْسَفَةِ.
(5) لَهُ كُتُبٌ فِي الشِّعْرِ وَالْفِكْرِ الْإِسْلَامِيِّ

......مشق نمبر 4......

الف: درجہ ذیل مفرد الفاظ کی جمع بناؤ۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| حَقٌّ | حُقُوْقٌ | كِتَابٌ | كُتُبٌ |
| شِعْرٌ | أَشْعَارٌ | فِكْر | أَفْكَار |
| مَدْرَسَةٌ | مَدَارِسُ | ...... | ...... |

ب: ان الفاظ کا تثنیہ لاؤ۔

| واحد | تثنیہ | واحد | تثنیہ |
|---|---|---|---|
| كِتَابٌ | كِتَابَانِ | مَدْرَسَةٌ | مَدْرَسَتَانِ |
| قَلَمٌ | قَلَمَانِ | كُرَّاسَةٌ | كُرَّاسَتَانِ |

......مشق نمبر 5......

ماضی اور مضارع میں تمیز کرو۔

ماضی: قَدَّمَ، دَافَعَ، شَرِبَ، أَحْسَنْتُمْ
مضارع: نَتَكَلَّمُ، نَجْلِسُ

| | | | |
|---|---|---|---|
| جَدِيْدَةٌ | نیا/نئی | شَاهِقَةٌ | بلندوبالا |
| أَزْهَارٌ | بہت سے پھول | أَطْفَالٌ | بچہ/بچے |
| أَلْعَابٌ | کھیل | مُخْتَلِفَةٌ | مختلف |
| لَعِبٌ | کھیل | فَرِحْتُ | میں خوش ہوا/میں خوش ہوئی |
| زِيَارَةٌ | سیر | فُرْصَةٌ | فرصت/موقع |

......مشق نمبر 2......

درجہ ذیل خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے مکمل کریں۔

(1) ذَهَبْتُ أَمْسِ مَعَ أَبِيْ إِلَى زِيَارَةِ حَدِيْقَةٍ

(2) حَدِيْقَةُ نَارَان تَقَعُ فِيْ حيات آباد

(3) كَيْفَ صِحَّتُكَ

(4) هِيَ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ

(5) فَرِحْتُ كَثِيْراً بِزِيَارَتِهَا

......مشق نمبر 3......

درجہ ذیل ضمیروں کو جملوں میں استعمال کرو۔

| الفاظ | استعمال |
|---|---|
| هُوَ | هو كَاتِبٌ |
| هِيَ | هِيَ مُعَلِّمَةٌ |
| أَنْتَ | مَنْ أَنْتَ |
| أَنَا | أَنَا صَائِمٌ |
| نَحْنُ | نَحْنُ أَطْفَالٌ |

......مشق نمبر 4......

درجہ ذیل الفاظ کو ترتیب دو تاکہ اس سے مفید جملے بن سکے۔

مُرَتَّبُ جملے

(1) أَنَا بِخَيْرٍ وَ كَيْفَ صِحَّتُكَ

(2) ذَهَبْتُ أَمْسِ مَعَ أَبِيْ إِلَى حَدِيْقَةٍ

(3) حَدِيْقَةُ نَارَان تَقَعُ فِيْ حَيَات آباد

(4) هِيَ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ جَدِيْدَةٌ

(5) فِيْهَا حَيَوَانَاتٌ مُخْتَلِفَةٌ.

......مشق نمبر 5......

اس جملہ کو طلباء پانچ مرتبہ خوشخط تحریر کریں۔

......مشق نمبر 6......

درجہ ذیل میں سے ماضی اور مضارع کو علیحدہ علیحدہ کریں

**فعل ماضی:**

ذَهَبَ . قَعَ . ذَهَبْتُ . فَرِحْتُ ذَهَبْتُ

**فعل مضارع:**

......مشق نمبر 6......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) علامہ محمد اقبال شاعر اسلام ہیں۔

(2) علامہ محمد اقبال مفکر پاکستان ہیں۔

(3) وہ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

(4) سید میر حسن ایک اچھے استاد تھے۔

(5) علامہ محمد اقبال کا مزار لاہور میں ہے۔

**عربی:**

(1) اَلْعَلَّامَةُ محمد اقبال هُوَ شَاعِرُ الإِسْلَامِ.

(2) اَلْعَلَّامَةُ محمد اقبال هو مُفَكِّرُ بَاكِسْتَانَ.

(3) وُلِدَ بِمَدِيْنَةِ سِيَالْكُوْتِ.

(4) كَانَ اَلسَّيِّدُ مِيْر حَسَنْ مُدَرِّسًا جَيِّدًا.

(5) مَرْقَدُ اَلْعَلَّامَةِ مُحَمَّدْ إِقْبَالْ فِيْ لَاهُوْر.

## ......اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ......

### ......گیارھواں سبق......

### ......اَلْحَدِيْقَةُ......

### باغ

### (اپنے دوست کو خط میں باغ کی صفت بیان کرنا)

بِسم الله الرحمن الرحيم.

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

مردان

18 شعبان ۱۴۴۱ ہجری

میرے عزیز ..........

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں خیریت سے ہوں۔ آپ کی صحت کیسی ہے۔ میں کل اپنے والد صاحب کے ساتھ ایک باغ کی سیر کیلئے گیا تھا۔ جس کا نام ہے "باغ ناران" اور یہ حیات آباد میں ہے۔

یہ خوبصورت نیا باغ ہے۔ اس میں بلند و بالا درخت، خوبصورت پھول اور مختلف جانور ہوتے ہیں۔ اس میں بچوں کیلئے کھیلوں کے آلات ہیں۔ میں نے وہاں پورا دن گزارا۔ اور اس سیر سے بہت لطف اٹھایا۔ میں تجھے دعوت دیتا ہوں کہ فارغ وقت میں اس باغ کی سیر کرو۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کا دوست

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلْحَدِيْقَةُ | باغ | صَدِيْقِيْ | دوست |
| صَدِيْقَةٌ | سہیلی | أَمْسِ | کل |
| ذَهَبْتُ | میں گیا | جَمِيْلَةٌ | خوبصورت |



يَسْمَعُ . يَذْهَبُ.

## اَلدَّرْسُ الثَّانِي عَشَرَ

### ......بارھواں سبق......

### مِنْ جِسْمِ الإِنْسَانِ

### ......انسانی جسم......

اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا۔ اور اس کو مختلف حصوں والا جسم عطا کیا۔ اس کے بعض اہم حصوں میں سے دو ہاتھ، دو ٹانگیں، منہ، ناک زبان اور کان ہیں۔

ہم ہاتھوں کے ذریعے چیزوں کو پکڑتے ہیں ٹانگوں کی مدد سے چلتے ہیں آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ منہ کے ذریعے کھاتے ہیں اور ناک سے سونگھتے ہیں۔ کانوں سے سنتے ہیں اور زبان کی مدد سے باتیں کرتے ہیں۔ یہ اہم اعضاء انسان کے جسم میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ہم جسم میں ان اعضاء کے عطاء کرنے پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ/اُكْتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| رَأْسٌ | سر | عَيْنٌ | آنکھ |
| أَنْفٌ | ناک | سَاعِدٌ | کلائی |
| يَدٌ | ہاتھ | إِصْبَعٌ | انگلی |
| رِجْلٌ | ٹانگ | أُذُنٌ | کان |
| قَدَمٌ | پاؤں | خَدٌّ | رخسار |
| جَبْهَةٌ | پیشانی | كَفٌّ | ہتھیلی |
| عَضُدٌ | بازو | ظُفُرٌ | ناخن |
| أَعْطَى | عطا کیا | سَاقٌ | پنڈلی |
| أَسْنَانٌ | دانت | شَفَةٌ | ہونٹ |
| حَاجِبٌ | ابرو | نَمْشِيْ | ہم چلتے ہیں |
| رَئِيْسِيَّةٌ | بڑے | إِعْطَاءٌ | عطا کرنا |
| أَهَمِّيَّةٌ بَالِغَةٌ | بڑی اہمیت | | |

......مشق نمبر 2......

درجہ ذیل میں سے مفرد، تثنیہ اور جمع علیحدہ علیحدہ کریں۔

واحد: اَلْيَدُ . لِسَانٌ . قَدَمٌ.

تثنیہ: اَلرِّجْلَانِ . أُذُنَانِ

جمع: أَعْيُنٌ . أَعْضَاءٌ.

......مشق نمبر 3......

درجہ ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو لفظ هذا یا هذه کے ذریعہ مکمل کریں۔

(1) هٰذِهِ عَيْنٌ (2) هٰذَا رَأْسٌ

(3) هٰذِهِ رِجْلٌ (4) هٰذِهِ أُذُنٌ (5) هٰذَا أَنْفٌ

......مشق نمبر 4......

کالم الف اور کالم ب کے الفاظ ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| نَأْخُذُ | بِالْيَدَيْنِ |
| نَمْشِيْ | بِالرِّجْلَيْنِ |
| نَنْظُرُ | بِالْعَيْنَيْنِ |
| نَأْكُلُ | بِالْفَمِ |
| نَتَكَلَّمُ | بِاللِّسَانِ |
| نَسْمَعُ | بِالأُذُنَيْنِ |
| نَشُمُّ | بِالأَنْفِ |

......مشق نمبر 5......

مربع جسم (مکعب) میں الفاظ کیلئے درست عدد تحریر کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | كَيْفَ | 3 | (2) | فِيْ | 1 |
| (3) | نَسْمَعُ | 2 | (4) | مِنْ | 3 |
| (5) | هٰذه | 1 | (6) | هُوَ | 2 |
| (7) | خَلَقَ | 2 | (8) | ذٰلِكَ | 2 |
| (9) | بِا | 3 | (10) | أَنَانِ | 2 |

......مشق نمبر 6......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) یہ کان ہے۔ (2) یہ ناک ہے

(3) اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا۔ (4) اللہ نے انسان کو جسم دیا

(5) جسم میں مختلف اعضاء ہیں۔

عربی:

(1) هٰذِهِ أَنْفٌ. (2) هذا أُذُنٌ

(3) خَلَقَ اللّٰه تعالى الإِنْسَانَ

(4) أَعْطَا اللّٰهُ الإِنْسَانَ الْجِسْمَ.

(5) فِى الْجِسْمِ أَعْضَاءٌ مُخْتَلِفَةٌ.

## ......اَلدَّرْسُ الثَّالِثَ عَشَرَ......

### ......تیرھواں سبق......

### ......مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ......

### ......مکہ مکرمہ......

مکہ مکرمہ پرانا مبارک شہر ہے اس میں نبی کریم ﷺ پیدا ہوئے۔ اور اسی سے دعوت اسلامی کا آغاز ہوا۔ اور اس میں بیت اللہ شریف ہے۔ جس کی عمارت ابراہیم علیہ السلام اور انکے بیٹے اسماعیل علیہ السلام نے بلند کی مسلمان دور علاقوں سے حج اور عمرہ کیلئے یہاں آتے ہیں۔ پس وہ بیت اللہ کا طواف کرتے ہیں اور صفا

Scanned with CamScanner

اور مروۃ کے درمیان سعی کرتے ہیں۔ اور عرفات اور مزدلفہ میں وقوف کرتے ہیں۔ اور منیٰ میں رمی جمار (کنکریاں مارنا) کرتے ہیں۔ اور جانوروں کی قربانیاں پیش کرتے ہیں۔ مکہ مکرمہ کی تاریخ ابراہیم علیہ السلام کی مدت تک پہنچتی ہے۔ جب آپ علیہ السلام اپنی بیوی حاجرہؓ اور اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ یہاں تشریف لائیں۔ اور مکہ والوں کیلئے دعا کی کہ اے اللہ تعالیٰ ان کو ہر قسم کے پھل نصیب فرما۔

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ الْكُتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| وُلِدَ | پیدا ہوئے | بَدَأَتْ | شروع ہوئی |
| رَفَعَ بِنَاءَ | عمارت بلند کی | يَطُوْفُوْنَ | وہ طواف کرتے ہیں |
| اَلْكَعْبَةُ الْمُشَرَّفَةُ | بیت اللہ شریف | يَسْعَوْنَ | وہ سعی کرتے ہیں |
| يُقَدِّمُوْنَ | وہ پیش کرتے ہیں | يَقِفُوْنَ | وہ وقوف کرتے ہیں |
| يَرْمُوْنَ | وہ رمی کرتے ہیں | اَلْجَمَرَاتُ | کنکریاں |
| أُضْحِيَةٌ | قربانیاں | يَرْجِعُ | پہنچتی ہے |
| قَدِمَ | وہ آیا | اَلثَّمَرَاتُ | پھل |

......مشق نمبر 2......

درج ذیل سوالات کے جوابات دو۔

(1) مَا هِيَ مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ؟

جواب: هِيَ مَدِيْنَةٌ قَدِيْمَةٌ مُبَارَكَةٌ.

(2) مَنْ وُلِدَ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ؟

جواب: وُلِدَ النَّبِيُّ مُحَمَّدٌ ﷺ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ.

(3) مَنْ رَفَعَ بِنَاءَ الْكَعْبَةِ؟

جواب: رَفَعَ بِنَاءَ الْكَعْبَةِ اِبْرَاهِيْمُ وَاِسْمَاعِيْلُ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ.

(4) مَنْ دَعَا لِاَهْلِ مَكَّةَ؟

جواب: دَعَا اِبْرَاهِيْمُ عليه السلام لِاَهْلِ مَكَّةَ.

(5) مَنْ هِيَ هَاجِرَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ.

جواب: كَانَتْ هَاجِرَةُ زَوْجَةُ ابراهيم عليه السلام.

......مشق نمبر 3......

درج ذیل افعال مضارع کیلئے فعل ماضی لائیں۔

| مضارع | فعل ماضی | مضارع | فعل ماضی |
|---|---|---|---|
| يَطُوْفُ | طَافَ | يَقِفُ | وَقَفَ |
| يَحُجُّ | حَجَّ | يَرْجِعُ | رَجَعَ |
| يَرْمِيْ | رَمٰى | يَرْفَعُ | رَفَعَ |

......مشق نمبر 4......

سبق سے سات اسم معرفہ تحریر کریں۔

جواب: اسماء معرفہ

ابراهيم . الْكَعْبَةُ . الصفا . الْمَرْوَةُ.

عَرَفَاتٌ . اَلْمُزْدَلِفَةُ . هَاجِرَةُ.

......مشق نمبر 5......

قوسین میں دیئے گئے مناسب حروف جارہ سے خالی جگہوں کو پر کریں۔

(1) وُلِدَ النَّبِيُّ ﷺ فِيْ مَكَّةَ. (فِيْ، مِنْ، علىٰ)

(2) يُسَافِرُ الْمُسْلِمُوْنَ إِلىٰ مَكَّةَ مِنْ بِلَادٍ بَعِيْدَةٍ. (فِيْ . مِنْ . عَلىٰ)

(3) يَقِفُ أَهْلُ الْحَجِّ عَلىٰ عَرَفَاتٍ. (عَلىٰ . فِيْ)

(4) دَعَا ابراهيم عليه السلام لِاَهْلِ مَكَّةَ المكرمة. (فِيْ . لِ . عَلىٰ)

(5) اَلْكَعْبَةُ الْمُشَرَّفَةُ فِيْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ. (فِيْ . عَلىٰ . إِلىٰ)

......مشق نمبر 6......

عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) مکہ مکرمہ مبارک اور مقدس شہر ہے۔

(2) مکہ مکرمہ سعودی عرب میں ہے۔

(3) بیت اللہ شریف مکہ مکرمہ میں ہے۔

(4) ابراہیم واسماعیل علیہما السلام نے کعبہ کی عمارت اونچی کی۔

(5) ابراہیم علیہ السلام نے اہل مکہ مکرمہ کیلئے دعا کی۔

**عربی:**

(1) مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ هِيَ مَدِيْنَةٌ مُبَارَكَةٌ.

(2) مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ فِي السُّعُوْدِيَّةِ الْعَرَبِيَّةِ.

(3) اَلْكَعْبَةُ الْمُشَرَّفَةُ فِيْ مَكَّةِ الْمُكَرَّمَةِ.

(4) رَفَعَ ابراهيم و إِسْمَاعِيْلُ عَلَيْهِمَا السلام بِنَاءَ الْكَعْبَةِ.

(5) دَعَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِاَهْلِ مَكَّةَ.

## ......اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ......

## ......چودھواں سبق......

## ......اَلشَّمْسُ......

### سورج (گفتگو)

ولید: اے میرے والد! میں چاہتا ہوں کہ تم سے سورج کے متعلق علم حاصل کرو۔

والد: سورج آگ والی گیند ہے اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اس سے گرمی نکلتی ہے۔

ولید: کیا سورج اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے؟

والد: ہاں سورج اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ پس یہ زمین پر زندگی کا سبب ہے۔

ولید: سورج ہمیں کیا فائدہ دیتا ہے؟

والد: سورج ہمیں گرمی، قوت، روشنی اور صحت دیتا ہے۔ اور یہ پودوں کی نشوونما میں مدد کرتا ہے۔

ولید: سورج کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے۔



والد: سورج کی گرمی سے بادل بنتے ہیں۔ اور اس سے بارش برستی ہے جو کائنات میں زندگی کی علامت ہے۔

ولید: اب میں نے کائنات میں سورج کا مقام سمجھا۔ میرے والد صاحب آپ کا شکریہ

......مشق نمبر 1......

اُكْتُبْ الْكُتُبِيْ مَعَانِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلشَّمْسُ | سورج | كُرَةٌ | گیند |
| نَارِيَّةٌ | آگ والی | سَحَابٌ | بادل |
| حَرَارَةٌ | گرمی | تَخْرُجُ | نکلتی ہے |
| قُوَّةٌ | طاقت/توانائی | اَلنُّوْرُ | روشنی |
| تُسَاعِدُ | وہ مدد کرتا ہے | اَلنُّمُوُّ | نشوونما/بڑھوتری |

......مشق نمبر 2......

درج ذیل سوالوں کے جواب دو

(1) مَاهِيَ الشَّمْسُ؟

(2) ماذا تَخْرُجُ مِنَ الشَّمْسِ؟

(3) هَلِ الشَّمْسُ نِعْمَةٌ مِنَ اللّٰه تعالىٰ.

(4) مَا سَبَبُ الْحَيَاةِ عَلَى الارضِ؟

(5) كَيْفَ تُفِيْدُنَا الشَّمْسُ؟

**جوابات:**

(1) اَلشَّمْسُ كُرَةٌ نَارِيَّةٌ

(2) تَخْرُجُ الْحَرَارَةُ مِنَ الشَّمْسِ

(3) نَعَمْ هِيَ نِعْمَةٌ مِنَ اللّٰهِ تعالىٰ.

(4) اَلشَّمْس سَبَبُ الْحَيَاةِ عَلَى الْاَرْضِ.

(5) هِيَ تُعْطِيْنَا الْحَرَارَةَ وَالْقُوَّةَ والنُّوْرَ.

......مشق نمبر 3......

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں۔

جواب(1): اَلشَّمْس كُرَةٌ نَارِيَّةٌ.

(2) هِيَ عَلَامَةُ الْحَيَاةِ فِي الْكَوْنِ

(3) اَلشَّمْس تُعْطِيْنَا الْحَرَارَةَ وَالْقُوَّةَ وَالنُّوْرَ والصِّحَّةَ.

(4) يَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّحَابِ

(5) اَلشَّمْسُ تُسَاعِدُ النَّبَاتَ عَلَى النُّمُوِّ.

......مشق نمبر 4......

درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

(1) سورج ایک عظیم نعمت ہے۔

(2) سورج زمین پر زندگی کا سبب ہے۔

(3) سورج ہمیں روشنی اور تندرستی عطا کرتا ہے۔

(4) سورج کی گرمی سے بادل بنتا ہے۔

(5) سورج بارش کا بھی سبب بنتا ہے۔

**عربی:**

(1) اَلشَّمْسُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ.

(2) اَلشَّمْسُ سَبَبُ الْحَيَاةِ عَلَى الْاَرْضِ

(3) اَلشَّمْسُ تُعْطِيْنَا النُّوْرَ والصِّحَّةَ.

(4) يَتَكَوَّنُ السَّحَابُ مِنْ حَرارة الشَّمْسِ.

(5) اَلشَّمْسُ سَبَبُ الْمَطَرِ.

......مشق نمبر 5......

| اسم نکرہ | اسم معرفہ |
|---|---|
| كُرَةٌ | اَلشَّمْس |
| نِعْمَةٌ | اَلْاَبُ |
| وَلَدٌ | اَلْاَرْضُ |
| نبات | اَلْكَوْن |
| مَطَرٌ | |
| سَحَابٌ | |

......مشق نمبر 6......

**افعال مضارع:**

تُفِيْدُ . تُعْطِيْ . يَنْزِلُ . اَعْلَمُ . أَوَدُّ

فعل الماضی: فَهِمَ.

**اَلاسماء:**

اَلشَّمْسُ اَلْقُدْرة. اَلْاَرضُ . نِعْمَةٌ . فَائِدَةٌ . فَهِمْتُ لفظ میں ضمیر فاعل اسم ہے۔

ادوات استفهام: هَلْ . ما . كَيْفَ.

حروف: مِنْ عَلىٰ . عن

## ......اَلدَّرْسُ الْخَامِسَ عَشَرَ......

## ......پندرھواں سبق......

## ......اَلْبَرِيْدُ......

## ......ڈاک خانہ......

میرا دوست اپنے بھائی کو خط لکھتا ہے۔ پھر اسے لفافہ میں رکھتا ہے۔ اور اس پر ٹکٹ چسپاں کرتا ہے۔ اور پوسٹ بکس میں ڈالتا ہے۔ اور پوسٹ بکس میں اس کو ڈالتا ہے۔ پھر ڈاکیہ تمام رسائل (خطوط) کو پوسٹ بکس سے ڈاک خانہ لے جاتا ہے۔ پس ڈاک کا ملازم خطوط کو علیحدہ کر کے ان پر مہر لگاتا ہے۔ یہ لاہور کیلئے اور وہ کوئٹہ کیلئے۔

پھر ڈاک سٹیشن تک پہنچایا جاتا ہے۔ اور ریل گاڑی میں رکھا جاتا ہے اور اپنے مقام کو ارسال کیا جاتا ہے۔ یہ ہے عام ڈاک اور کبھی کبھار خطوط ہوائی جہا

